© rasailojaraid.com



۴۔ فہرس مخطوطات التفسیر (۱۳ حصے)

۵۔ فہرس مخطوطات القراءات (تین حصے)

یہ دونوں فہرستیں ۸۷ء میں شائع ہوئیں۔

(اخبار التراث العربی ۴: ۴۲۔۴۳)

## قرآنی تصنیفات کا اشاریہ:

قم (ایران) میں دار القرآن الکریم قرآنیات پر دورِ حاضر تک کی مطبوعہ و قلمی کتابوں کی ایک جامع فہرست مرتب کر رہا ہے۔ ادارہ کے ذمہ دار ڈاکٹر عبدالوہاب طالقانی نے بتایا کہ یہ اشاریہ ڈاکٹر علی شواخ اسحاق کی معجم مصنفات القرآن الکریم (مطبوعہ ریاض، دیکھیے علوم القرآن جلد ۱ شمارہ ۲ ص ۱۰۹) کے طرز پر ہوگا لیکن اس سے زیادہ ضخیم اور وسیع، مصنفین کے حالات اور کتابوں کی خصوصیات پر بھی روشنی ڈالی جائے گی۔

(اخبار التراث العربی ۴: ۴۳۔۴۴)

## قرآنی آیات والے ملبوسات برآمد کرنے کی فوری ممانعت:

نئی دہلی۔ ۲۷ مارچ، آج ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا کہ ملبوسات کے سامان، کپڑے ریڈی میڈ ملبوسات اور ٹیکسٹائل کی جن اشیاء پر قرآن پاک کی آیات یا الفاظ چھپے ہوں گے انہیں ملک سے باہر برآمد کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نے یہ فیصلہ مسلمانوں کے ایک نمائندہ وفد کی درخواست پر کیا ہے، جس نے اس قسم کے ملبوسات اور کپڑے اور دیگر اشیاء کی برآمد کو فوری طور پر ممنوع قرار دینے کا مطالبہ کیا تھا۔ (قومی آواز، ۲۸ مارچ ۹۰ء)

## قرآنی کرسٹل:

ریاض۔ ایک فرانسیسی کمپنی نے حال ہی میں دو مربع سینٹی میٹر کے ایک اعلیٰ شیشہ پر

© rasailojaraid.com